**Fazil / Tausif**

**25-02-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج صبح اسرائیل کے دو دن کے دورے پر روانہ ہونے والے ہیں۔ وزیر اعظم اسرائیلی پارلیمنٹ سے خطاب کریں گے اور اپنے ہم منصب بنیامن نیتن یاہو کے ساتھ وسیع تر موضوعات پر بات چیت کریں گے۔

2- بھارت اور اسرائیل نے سرحد پار سے پھیلائی جانے والی دہشت گردی سمیت ہر طرح کی دہشت گردی کی سخت مذمت کی ہے۔

3- مرکزی کابینہ نے کیرالہ ریاست کا نام بدل کر **Keralam** رکھے جانے کی منظوری دے دی ہے۔

4- **DGCA** نے غیر شیڈیولڈ فلائٹ آپریٹرس کیلئے ضابطوں کو سخت بنا دیا ہے اور کہا ہے کہ کسی طرح کی چُوک کیلئے صرف پائلٹس کو موردِ الزام نہیں ٹھہرایا جا سکتا۔

5- بھارت نے اقوام متحدہ جنرل اسمبلی میں اُس قرارداد کے مسودے پر ووٹنگ میں حصہ نہیں لیا، جس میں روس اور یوکرین کے درمیان غیر مشروط جنگ بندی پر زور دیا گیا ہے۔

6- اور کرکٹ میں انگلینڈ، پاکستان کو دو وکٹ سے ہرا کر ٹی-ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے سیمی فائنل میں پہنچ گیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM Israel**

وزیر اعظم نریندر مودی آج سے اسرائیل کے دو دن کے سرکاری دورے پر رہیں گے۔ وزیر اعظم کا یہ اسرائیل کا دوسرا دورہ ہوگا۔ جناب مودی اپنے اس دورے میں اسرائیل کے اپنے ہم منصب بنیامن نیتن یاہو سے ملاقات کریں گے۔ دونوں رہنماء بھارت-اسرائیل کلیدی ساجھے داری میں اہم پیشرفت کا جائزہ لیں گے۔ وہ تعاون کے مختلف شعبوں میں مزید موقعوں کے امکان پر تبادلۂ خیال کریں گے۔ اِن میں سائنس، ٹکنالوجی، اختراع، دفاع، سکیورٹی، زراعت، پانی کا بندوبست،

تجارت، معیشت اور عوام سے عوام کے رابطے شامل ہیں۔

امید ہے کہ دونوں وزراء اعظم علاقائی اور باہمی مفاد کے عالمی امور پر بھی اپنا اپنا نقطۂ نظر پیش کریں گے۔ جناب مودی اسرائیل کے صدر **Isaac Herzog** سے بھی ملاقات کریں گے۔

اب ہم وزیر اعظم کے دورے کے بارے میں تازہ جانکاری کیلئے یروشلم میں موجود اپنے نامہ نگار دھیرج کاکڑیا سے بات کرتے ہیں۔

جی دھیرج ! بتایئے وزیر اعظم کے اسرائیل کے دورے کے بارے میں آپ کے پاس کیا تازہ جانکاری ہے ؟

**Dheeraj Kakadia**

دھیرج ! وزیر اعظم اسرائیل کی پارلیمنٹ سے بھی خطاب کریں گے۔ اس کے بارے میں بھی ہمارے سامعین کو کچھ بتائیں ؟

**Dheeraj Kakadia**

شکریہ دھیرج اس جانکاری کیلئے

## India Israel - Counter Terrorism

بھارت اور اسرائیل نے ہر طرح کی دہشت گردی کی سخت اور واضح الفاظ میں مذمت کی ہے۔ نئی دلّی میں دہشت گردی سے نمٹنے کے بارے میں بھارت-اسرائیل مشترکہ ورکنگ گروپ کی دسویں میٹنگ کے بعد دونوں ملکوں نے اس بات پر زور دیا کہ دہشت گردی سے مقابلہ کرنے کی خاطر ٹھوس، پائیدار اور جامع کارروائی کی ضرورت ہے۔

بھارتی وفد کی قیادت وزارتِ خارجہ میں دہشت گردی سے نمٹنے کے شعبے کے جوائنٹ سکریٹری ڈاکٹر ونود **Bahade** نے کی، جبکہ اسرائیلی وفد کی سربراہی وہاں کی وزارتِ خارجہ میں اسٹریٹیجک امور کے شعبے کے بیورو سربراہ **Nadav Eschar** کر رہے تھے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**V/C - Dilnashi Arzoo**

اس میٹنگ سے بھارت اور اسرائیل کے درمیان باہمی اشتراک کی اہمیت اُجاگر ہوتی ہے۔ دونوں ملکوں نے ہر طرح کی دہشت گردی سے ملکر نمٹنے کے اپنے پختہ عزم کو دوہرایا ہے۔ طرفین نے اسرائیل میں 7 اکتوبر 2023 کے دہشت گردانہ حملے اور جموں و کشمیر کے پہلگام میں 22 اپریل 2025 کے دہشت گردانہ حملے کے ساتھ ساتھ دیگر حالیہ حملوں کی بھی مذمت کی ہے۔

اِن حملوں کے تناظر میں اس میٹنگ میں ذمہ دار عناصر کو جوابدہ ٹھہرائے جانے کی فوری ضرورت پر زور دیا گیا۔ دونوں ملکوں نے دہشت گردی کے خلاف ٹھوس اور جامع کارروائی پر زور دیتے ہوئے کثیر رخی فورموں میں اشتراک بڑھانے کے اپنے عہد کو دوہرایا۔

دونوں ملکوں نے دہشت گردوں کی بھرتی، تکنیک کا بیجا استعمال، دہشت گردی کیلئے سرمایہ فراہم کرنے اور دہشت گردانہ سرگرمیوں کیلئے ڈرون اور AI کے بڑھتے ہوئے استعمال جیسے اُبھرتے ہوئے

خطرات پر بھی تبادلہٗ خیال کیا۔
دلّی سے دلنشیں آرزو کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

**INdia Israel FTA**

بھارت اور اسرائیل کے درمیان آزاد تجارت کے سمجھوتے کے سلسلے میں پہلے دور کے مذاکرات کل نئی دلّی میں شروع ہوئے۔ پہلے اجلاس کے دوران کامرس محکمے کے سکریٹری راجیش اگروال نے کہا کہ مختلف شعبوں میں طرفین کیلئے کافی مواقع دستیاب ہیں۔ اِن میں اختراع، سائنس، ٹکنالوجی، مصنوعی ذہانت، سائبر سکیورٹی، اعلیٰ تکنیک والی مینوفیکچرنگ، زراعت اور خدمات کے شعبے شامل ہیں۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ FTA سے دونوں ملک اِن موقعوں کو پوری طرح بروئے کار لا سکیں گے۔
آزاد تجارت کے سمجھوتے کیلئے دائرۂ کار کی شرائط پر پچھلے سال نومبر میں دستخط کیے گئے تھے اور تجارت اور اقتصادی اشتراک بڑھانے کی خاطر چنندہ شعبوں پر تبادلہٗ خیال کیلئے ایک باضابطہ فریم ورک قائم کیا گیا تھا۔×

**Cabinet**

مرکزی کابینہ نے کیرالہ ریاست کا نام Keralam رکھنے کی تجویز کو منظوری دے دی ہے۔
کابینہ میٹنگ کے بعد، نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشو نے کہا کہ کابینہ کی منظوری کے بعد صدر جمہوریہ، اِس بل کو کیرالہ کی قانون ساز اسمبلی بھیجیں گی، تاکہ اِس سلسلے میں اُس کے نظریات معلوم کیے جاسکیں۔
وزیر موصوف نے کہا کہ قانون ساز اسمبلی کے نظریات موصول ہونے کے بعد مرکزی حکومت، مزید اقدام کرے گی اور کیرالہ کے متبادل نام کے 2026 کے اِس بل کو پارلیمنٹ میں پیش کرنے کیلئے صدر جمہوریہ کی سفارش حاصل کی جائے گی، تاکہ کیرالہ ریاست کا نام بدل کر کیرلم رکھا جاسکے۔

**SB - 2100 - Ashwini Vaishnaw**

انہوں نے کہا کہ کیرالہ کی قانون ساز اسمبلی نے کیرالہ ریاست کا نام بدل کر کیرلم کرنے کیلئے 24 جون 2024 کو ایک قرارداد منظور کی تھی۔
اقتصادی امور کی کابینہ کمیٹی نے 3 کثیر جہتی پروجیکٹس کو منظوری دی ہے، جس میں مہاراشٹر، مدھیہ پردیش، بہار اور جھارکھنڈ میں 8 ضلعوں کو شامل کیا گیا ہے۔ اِن پروجیکٹس کی کُل تخمینہ لاگت 9 ہزار 72 کروڑ روپے ہے اور اِن پروجیکٹس کو 2030-31 تک مکمل کرلیا جائے گا۔

**SB - Ashwini Viashnaw - Gonda-Jabalpur**

وزیر موصوف نے کہا کہ اقتصادی امور کی کابینہ کمیٹی نے، سری نگر بین الاقوامی ہوائی اڈے پر، Civil Enclave تعمیر کرنے کی منظوری دے دی ہے۔
انہوں نے کہا کہ یہ Aviation کے بنیادی ڈھانچے، وادی کشمیر میں کنکٹی ویٹی کو مستحکم بنانے کی راہ میں ایک اہم سنگ میل ہوگا۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**DGCA - Non Scheduled Flights**

شہری ہوابازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل نے غیر شیڈیولڈ پروازوں کیلئے نئے فوری حفاظتی احکامات کا اعلان کیا ہے۔ یہ قدم ایویئشن کے میدان میں حال ہی میں بڑھتے ہوئے واقعات کے سلسلے میں کل منعقدہ اعلیٰ سطح کی ایک جائزہ میٹنگ کے بعد اُٹھایا گیا ہے۔

ضابطہ جاتی ادارے نے کہا کہ حفاظت، کاروباری سرگرمیوں سے بڑھ کر ہونی چاہیے، جس میں چارٹر اور VIP وعدے بھی شامل ہوں۔ انہوں نے ایک بار پھر یقین دہانی کرائی کہ حفاظت کے معاملے میں کمانڈ دینے والے پائلٹ کا فیصلہ حتمی حیثیت رکھے گا۔

نئے اقدامات کے تحت، فضائی کمپنیوں کو یہ بات عوامی سطح پر بتانا ہوگی کہ طیارے کی عمر، اِس کی دیکھ بھال کی تاریخ اور پائلٹ کا تجربہ کتنا ہے۔

DGCA، حفاظت کے درجات، Cockpit وائس ریکارڈر میں بہتری اور اعداد و شمار کے آڈِٹس شروع کرائے گا نیز وہ نظام میں خامیوں کے تئیں مینجمنٹ کے سینئر حکام کی جواب دہی کو یقینی بنائے گا۔ اِس کے علاوہ سخت تر جرمانے عائد کیے جائیں گے، جن میں لائسنس کی معطّلی اور کمپنی کے پرمٹ کے خلاف کارروائی بھی شامل ہے۔×

**AI Summit - Banking**

مصنوعی ذہانت AI، اعداد و شمار کے تجزیوں میں اضافہ کرکے، رجحانات سے آگاہ کرکے، دھوکہ دہی کے خطرات کی پیش گوئی کرکے اور صارفین کی سرگرمیوں میں اضافہ کرکے، بینکنگ شعبے میں ایک اہم رول ادا کررہی ہے۔

انڈیا AI امپیکٹ ایکسپو 2026 سے، جو دلّی میں حال ہی میں اختتام پذیر ہوئی ہے، بھارت کے بینکنگ ایکونظام میں، بہت تیزی سے تبدیلی آرہی ہے۔ اِس میں AI کی آواز والے پروگرام، صارفین کی طرف سے سوال پوچھے جانے سے لے کر دیگر کام کاج تک ہر کام انجام دے رہے ہیں، جس کی وجہ سے اِس شعبے میں وقت کی بچت ہورہی ہے اور کام کاج کی رفتار میں تیزی آرہی ہے۔

ہمارے نامہ نگار سے بات کرتے ہوئے Blue Machines AI سے وابستہ، مارکٹنگ سربراہ اَرپن کھوسلا نے بتایا کہ کمپنی، کاروبار کی سطح کے AI آواز والے ایسے پلیٹ فارمز تیار کررہی ہے، جنہیں بینکنگ، حفظانِ صحت اور ایوئشن کے شعبوں میں استعمال کیا جارہا ہے۔

سمٹ کے بارے میں انہوں نے، انڈیا AI امپیکٹ سمٹ کو، بھارت کے AI ایکونظام کیلئے ایک تاریخی لمحہ قرار دیا۔

انہوں نے یہ بھی کہا کہ اِس پلیٹ فارم سے نہ صرف یہ ظاہر ہوا ہے کہ بھارت محض ایک صارف ہے، بلکہ یہ بھی ظاہر ہوا ہے

کہ وہ AI ٹیکنالوجیز کا معمار بھی ہے۔×

**Prez Mahrashtra Visit**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ شہریوں کی صحت ایک اجتماعی ذمہ داری ہے اور سبھی متعلقہ فریقوں کو اس بات کو یقینی بنانے کیلئے ملکر کام کرنا چاہیے کہ غریب سے غریب شخص کو بھی بروقت اور مناسب طبّی دیکھ بھال میسر آئے۔ صدر جمہوریہ نے کل ممبئی میں PD Hinduja اسپتال کی ایک ملک گیرمہم کا افتتاح کرتے ہوئے یہ بات کہی، جس کا عنوان ہے ''زندگی بچا کر زیادہ صحتمند بھارت کی تعمیر''۔

اس موقعے پر خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے صحت کی اہمیت کو اُجاگر کرتے ہوئے کہا کہ سرکار نے گزشتہ دہائی کے دوران کئی اہم اقدامات کیے ہیں، تاکہ سبھی شہری تندرست رہیں اور اُنہیں معیاری حفظانِ صحت کی سہولیات دستیاب ہوں۔

محترمہ دروپدی مرمو مہاراشٹر کے دو دن کے دورے پر کل ممبئی پہنچی ہیں۔ وہ آج Buldhana ضلعے میں قومی آروگیہ میلے کا افتتاح کریں گی، جس کا اہتمام آیوش کی مرکزی وزارت نے کیا ہے۔×

**UN Resolution India**

بھارت نے اقوام متحدہ جنرل اسمبلی میں اُس قرارداد کے مسودے پر ووٹنگ میں حصہ نہیں لیا، جس میں روس اور یوکرین کے درمیان فوری، مکمل اور غیر مشروط جنگ بندی پر زور دیا گیا تھا۔ 193 ارکان پر مشتمل اقوام متحدہ جنرل اسمبلی میں 107 ملکوں نے مذکورہ قرارداد کے مسودے کے حق میں ووٹ دیا، جبکہ 12 ملکوں نے اس کی مخالفت کی۔ بھارت سمیت 51 ممبر ملکوں نے ووٹنگ میں حصہ نہیں لیا۔

یہ قرارداد یوکرین نے بحرین، بنگلہ دیش، برازیل، چین، جنوبی افریقہ، سری لنکا، متحدہ عرب امارات اور امریکہ کے ساتھ ملکر پیش کی تھی۔ اس قرارداد میں اقوام متحدہ منشور سمیت بین الاقوامی قوانین کے عین مطابق جامع، منصفانہ اور پائیدار امن کی اپیل دوہرائی گئی تھی۔×

**Canada Tahawwur Citizenship**

کینیڈا سرکار نے 26/11 کے ممبئی دہشت گردانہ حملوں کے سرغنہ تہور حسین رانا کی شہریت منسوخ کرنے کی کارروائی شروع کر دی ہے۔ یہ قدم ایسے وقت اٹھایا گیا ہے کہ جب کینیڈا کے وزیر اعظم Mark Carney کا بھارت کا دورہ کل سے شروع ہو رہا ہے۔×

**T20 World Cup**

مردوں کے ICC کرکٹ ورلڈ کپ میں کل رات سری لنکا میں Pallekele بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈیم میں گروپ دو کے Super Eight کے ایک سنسنی خیز میچ میں انگلینڈ، پاکستان کو دو وکٹ سے ہرا کر سیمی فائنل میں پہنچ گیا۔ اس طرح سیمی فائنل میں پہنچنے کی پاکستان کی امیدوں کو بڑا دھچکا لگا ہے۔

انگلینڈ کی اس کامیابی میں کپتان Harry Brook کی شاندار سنچری کا اہم رول رہا۔ Brook نے مشکل حالات میں صرف 51 گیندوں پر 100 رن بنائے۔ پاکستان کی طرف سے شاہین آفریدی نے 4 وکٹ لیے۔ اس کے باوجود انگلینڈ نے اپنا دبدبہ قائم رکھا۔

اس سے قبل پاکستان نے ٹاس جیت کر بلّے بازی کرتے ہوئے 20 اوورس میں 9 وکٹ پر 164 رن بنائے۔

آج گروپ دو کے Super Eight مرحلے کے ایک میچ میں کولمبو کے آر پریم داسا اسٹیڈیم میں سری لنکا کا مقابلہ نیو زیلینڈ سے ہوگا۔ یہ میچ شام سات بجے شروع ہوگا۔×

## MEITY Committee

الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کی وزارت یا MEITY نے DigiLocker سے متعلق ضابطوں کا جائزہ لینے اور اِن میں بہتری لانے کیلئے ایک اعلیٰ سطح کی کمیٹی تشکیل دی ہے۔

وزارت کے مطابق، یہ کمیٹی DigiLocker سے متعلق موجودہ ضابطوں کی اس یقین دہانی کیلئے جانچ کرے گی کہ آیا یہ ضابطے موجودہ ٹیکنالوجی اور قانونی طور سے مطابقت رکھتے ہیں۔ یہ کمیٹی DigiLocker نظام میں توسیع کیلئے بھی مستقبل کا ایک خاکہ تیار کرے گی۔×

## Nadda - E ICU

صحت اور خاندانی بہبود کے وزیر جگت پرکاش نڈا نے گل غازی آباد میں یشودا میڈی سٹی میں مصنوعی ذہانت AI سے لیس E-ICU کمانڈ سینٹر کا افتتاح کیا۔ اِس کا مقصد، کلینکل تال میل میں اضافہ کرکے، علاج معالجہ کے طور طریقوں کے معیار مقرر کرکے، اور منظّم رہنمائی کے ذریعے میڈیکل ٹیموں کو مدد دے کر، ضلع اسپتال کی سطح پر انتہائی نگہداشت خدمات کو مستحکم بنانا ہے۔

جناب نڈا نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ AI سے لیس حفظانِ صحت کے اِس نظام سے، بروقت مداخلت، تشخیص میں احتیاط اور صحت پر قریبی نظر رکھے جانے کے عمل کو یقینی بنایا جاسکے گا۔

انہوں نے انڈیا AI امپیکٹ سمٹ کے دوران، SAHI پورٹل اور BODH کے آغاز کا بھی ذکر کیا، جس کا مقصد حفظانِ صحت کے شعبے میں AI کے اخلاقی اور جائز استعمال کو فروغ دینا ہے۔×

## DIBD - RBI MOU

ڈیجیٹل انڈیا بھاشنی ڈویژن DIBD نے، بھارتیہ ریزرو بینک کے ساتھ ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں، جس کا مقصد، بھارتی آئین کی آٹھویں فہرست کے تحت، سبھی 22 تسلیم شدہ زبانوں میں مالی خدمات فراہم کرنا ہے۔

ایک سرکاری بیان کے مطابق، DIBD اور RBI، دونوں ہی ادارے، اِس کیلئے زبان کا ایک خصوصی ماڈل، مشترکہ طور پر تیار کریں گے۔ زبان کا یہ ماڈل، بینکنگ شعبے کیلئے ہوگا، جسے 'بینکنگ بھاشنی' کے نام سے جانا جائے گا۔ اِس ماڈل میں بینکنگ سے متعلق اصطلاحات، ضابطہ جاتی فریم ورکس اور شعبے کے مخصوص معاملات شامل کیے جائیں گے۔×

**Shivraj - Meeting**

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے اُن فنڈس کو، اِس سال 31 مارچ تک، 100 فیصد استعمال کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے، جو کسانوں کی بہبود کے مقصد سے ریاستوں کیلئے مختص کیے گئے ہیں۔ انہوں نے یہ بات کل نئی دلّی میں ایک ورچوئل میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ یہ میٹنگ بہت سی ریاستوں کے، زراعت کے وزیروں اور سینئر افسروں کے ساتھ منعقد کی گئی۔ میٹنگ میں ''راشٹریہ کرشی وکاس یوجنا'' اور ''کرشی اُنتی اسکیم'' کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ زراعت کے وزیر نے کہا کہ مرکز کی طرف سے دیے گئے فنڈس کا بروقت اور بھرپور استعمال، اِس بات کو یقینی بنانے کیلئے لازمی ہے کہ اِس کے فائدے ہر ایک کسان تک پہنچ گئے ہیں۔

جناب چوہان نے ایک بار پھر یقین دہانی کرائی کہ ''پردھان منتری اَن داتا آئے سن رکشن ابھیان'' کے تحت مرکز کسانوں کو اچھی قیمتوں سے مدد دے رہا ہے۔ 2026 کی ربیع فصل کیلئے مدھیہ پردیش، راجستھان، مہاراشٹر اور گجرات جیسی ریاستوں میں امدادی قیمت کی اسکیم کے تحت چنے، سرسوں اور دَلہن کی بڑے پیانے پر سرکاری خرید کی منظوری دی گئی ہے، تاکہ اِس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ کسانوں کو کم سے کم امدادی قیمت مل رہی ہے۔×

**Inda - HPV Vaccine**

خواتین کے حفظان صحت کو مستحکم بنانے اور کینسر کی اُن قسموں کو ختم کرنے کے عمل کو، جن کی روک تھام کی جاسکتی ہے، مستحکم بنانے میں ایک اہم قدم اُٹھایا جائے گا۔ اِس کے تحت، ملک بھر میں جلد ہی انسانی **Papillomavirus**، ایچ پی وی ویکسین پروگرام شروع کیا جائے گا، جو ملک کی صحت عامہ کے سفر میں ایک فیصلہ کن قدم ہوگا۔ اِس کا مقصد، جواں سال لڑکیوں میں سروائکل کینسر کی روک تھام کرنا ہے، جو بھارت میں خواتین پر اثر انداز ہونے والی، کینسر کی ایک ایسی سب سے زیادہ عام قسم ہے، جس کی روک تھام کی جاسکتی ہے۔ اِس قدم سے، پالیسی عزائم کو، صحت عامہ کے ٹھوس نتائج میں بدلنے کے، حکومت کے مضبوط ارادے کی عکاسی ہوتی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ **HPV** ویکسین کی اِس خصوصی مہم میں ہر سال 14 سال کی تقریباً سوا کروڑ بچیوں کو یہ ویکسین دیا جائے گا۔ یہ ملک گیر مہم 'سوستھ ناری' کے مقصد کو حاصل کرنے کی جانب ایک اہم سنگ میل ہے۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: **news on air.com slash urdu** پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: فیصل خان

شکریہ - اسلم

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے وزیر اعظم کے اسرائیل دورے کی خبر کو اولیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ روزنامہ انقلاب نے سرخی لگائی ہے، وزیر اعظم کا دورۂ اسرائیل آج دونوں ملکوں کے

درمیان اہم دفاعی معاہدے پر دستخط ہونے کا امکان، نیتن یاہو اور مودی جامع مذاکرات کریں گے۔

روزنامہ پرتاپ نے مرکزی کابینہ کے فیصلے کی خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے: وزیرِ اعظم نے اپنے پی ایم او سیوا تیرتھ سے ملک کی تعمیرِ نو کا سندیش دیا اور اسے بھارت کے ترقیاتی سفر میں ایک نئے آغاز سے تعبیر کیا۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے اہم سرخی لگائی ہے: نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے نئی دلّی میں منعقد ٹوِرزم لیڈرشپ سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے سیاحت کو ثقافتوں کے درمیان ایک پُل قرار دیا۔

اخباروں کی کچھ اہم بین الاقوامی خبریں:

- ☆ امریکہ کے روس اور چین کے ساتھ اعلیٰ سطح جوہری مذاکرات
- ☆ امریکہ میں برفانی طوفان، نیویارک میں 50 سینٹی میٹر برفباری۔ اقوام متحدہ کا ہیڈکوارٹر بند۔
- ☆ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کا اسرائیل کا دورہ مؤخر۔
- ☆ نوری المالکی کا وزارت عظمیٰ کے امیدواریت سے دستبردار ہونے سے انکار
- ☆ سعودی اور امریکی وزرائے خارجہ کی خطّے کے استحکام کیلئے مشترکہ ہم آہنگی پر بات چیت۔

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج صبح اسرائیل کے دو دن کے دورے پر روانہ ہونے والے ہیں۔ وزیر اعظم اسرائیلی پارلیمنٹ سے خطاب کریں گے اور اپنے ہم منصب بنیامن نیتن یاہو کے ساتھ وسیع تر موضوعات پر بات چیت کریں گے۔

2- بھارت اور اسرائیل نے سرحد پار سے پھیلائی جانے والی دہشت گردی سمیت ہر طرح کی دہشت گردی کی سخت مذمت کی ہے۔

3- مرکزی کابینہ نے کیرالہ ریاست کا نام بدل کر Keralam رکھے جانے کی منظوری دے دی ہے۔

4- DGCA نے غیر شیڈیولڈ فلائٹ آپریٹرس کیلئے ضابطوں کو سخت بنا دیا ہے اور کہا ہے کہ کسی طرح کی چُوک کیلئے صرف پائلٹس کو موردِ الزام نہیں ٹھہرایا جا سکتا۔

5- بھارت نے اقوام متحدہ جنرل اسمبلی میں اُس قرارداد کے مسودے پر ووٹنگ میں حصہ نہیں لیا، جس میں روس اور یوکرین کے درمیان غیر مشروط جنگ بندی پر زور دیا گیا ہے۔

6- اور کرکٹ میں انگلینڈ، پاکستان کو دو وکٹ سے ہرا کر ٹی-ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے سیمی فائنل میں پہنچ گیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

------------------------------------